
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ یونس

کلاس 3 کے لئے



# چوہا پھرے آڑی باڑی

پرانی کہانی دادی منیر بانو کی زبانی

تصویریں: رومانہ حسین

## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کسی بھی کہانی کو اگر خوبصورتی سے پڑھا جائے اور ابتدا سے بچوں کو یہ ذہن نشین کروایا جائے کہ الفاظ کی بہتر ادائیگی اور تلفظ کہانی کے حسن کو مزید نکھارتا ہے تو یقیناً یہ کام نہ صرف اساتذہ بلکہ بچوں کے لئے بھی ایک دلچسپ تجربہ ہوگا۔ اسی خیال کو مدنظر رکھتے ہوئے کہانی آڑی باڑی کلاس 1 کے بچوں کے لئے صرف پڑھائی کے لئے استعمال کی جائے گی۔ یعنی کہانی کے حوالے سے لکھائی کا کام صرف اس حد تک کروایا جائے کہ بچے اسے باآسانی کرسکیں اور ایسے عملی کام زیادہ سے زیادہ کروائے جائیں جس میں بچے زبانی بات چیت کا کام زیادہ کریں کیونکہ کہانی کی پڑھائی کے دوران آپ کو کم از کم ان دو مقاصد کو ضرور حاصل کرنا ہے۔
- بچے کسی بھی کہانی کو خوبصورتی سے پڑھنے اور الفاظ کی ادائیگی صحیح طرح سے کرنے کا انداز سیکھ سکیں۔
- کسی بھی واقعہ یا کہانی کو کس طرح تسلسل سے بیان کرنا ہے۔

تاکہ آئندہ کلاسوں کے لئے ایک چھوٹی سی مشق ہو جائے کہ بچے جب کسی بھی واقعہ کی تفصیل لکھنا چاہیں تو انہیں اچھی طرح اندازہ ہو سکے کہ کسی بھی واقعہ کو کس طرح تسلسل سے بیان کرنا ہے۔

## نوٹ

- اس کہانی کی پڑھائی سے قبل اساتذہ کے لئے بے حد ضروری ہے کہ وہ خود بھی کہانی کی پڑھائی کی مشق اچھی طرح کریں تاکہ جماعت میں بچوں کے سامنے پڑھائی کرتے ہوئے کسی بھی قسم کی ہچکچاہٹ نہ ہو اور کہانی کا اصل مقصد حاصل کر لیا جائے۔

## سیشن 1

- کہانی کو کلاس میں پڑھائے جانے سے قبل کہانی کے چند الفاظ جن کی کہانی میں بار بار تکرار ہے مثلاً آڑی، باڑی، اُسترا، چوہا، حجام، کمبل، گڑ وغیرہ ان الفاظ کے فلیش کارڈز چارٹ پیپر کی مدد سے بنالیں۔ اگر یہ ممکن نہیں تو پھر کسی بھی پرانے اخبار کو چوکور کاٹ لیں اور اس پر مارکر (کالے یا لال) کی مدد سے مندرجہ بالا الفاظ کو بڑا بڑا لکھ لیں اور ان الفاظ کو بچوں سے زبانی ادا کروانے کی کوشش کریں۔ جب یہ الفاظ اچھی طرح سے بچوں کو ذہن نشین ہو جائیں تو یہ فلیش کارڈز کلاس میں سوفٹ بورڈ پر لگادیں۔

## سیشن 2

- کہانی کے ایسے الفاظ سے اب بچے اچھی طرح واقف ہو گئے ہوں گے جن کی کہانی میں بار بار تکرار ہے۔ اس لئے اب جب یہ کہانی پڑھائی جائے گی تو بچے روانی سے اس کہانی کی پڑھائی کر سکیں گے۔

مندرجہ بالا دی گئی ہدایات کے مطابق کہانی جماعت میں بلند آواز میں پڑھ کر سنائی جائے۔ اس کے بعد کہانی کے بارے میں بچوں کی رائے پوچھیں۔ ان سے پوچھیں انہیں کہانی کیسی لگی۔ کہانی کے اہم کردار چوہے کے حوالے سے بات چیت کریں۔ لفظ اُسترا کیا چیز ہوتی ہے؟ بہت حد تک تو یہ مناسب ہے کہ اگر کہیں سے ٹیچر استرے کا بندوبست کرلے اور مزید وضاحت کے لئے انہیں استرا لا کر دکھا دے لیکن اگر یہ ممکن نہ ہو تو گائیڈ میں موجود استرے کی شکل بچوں کو ضرور دکھائی جائے۔

## نوٹ

- یہاں اس بات کی وضاحت بے انتہا ضروری ہے کہ استرے کی شکل و صورت کا جاننا بچوں کے لئے بے حد ضروری ہے کیونکہ پڑھائی جانے والی کہانی کی شروعات سے لے کر آخر تک یہ لفظ بار بار استعمال ہوا ہے۔ باقی تمام الفاظ کہانی میں ایسے ہیں جو اکثر بچے کسی نہ کسی طور پر سنتے رہتے ہیں۔ اس لئے بچوں کی ذہنی سطح کا خیال رکھتے ہوئے یہ ازحد ضروری ہے کہ کسی بھی پڑھائی جانے والی کہانی میں اگر کوئی بھی لفظ ایسا ہے جس سے بچہ کا ذہن الجھن کا شکار ہو تو اس کی وضاحت شروع میں ہی کر دینا چاہیئے۔

## گھر کا کام

- اپنی امی ابو کی مدد سے کہانی کی پڑھائی کریں۔

## سیشن 3

- آج کلاس میں آنے سے قبل آپ کو درج ذیل کام کرنے ہیں۔
- جماعت کے بچوں کے ناموں کی فہرست میں سے ایسے مشترکہ گروپ کا بندوبست کریں جس میں صرف جماعت کے ہوشیار بچے ہی نہ ہوں بلکہ ایسے بچے بھی شامل ہوں جنہیں کسی بھی عملی کام کو کرنے کے مواقع کم ملتے ہوں۔اس کے بعد کہانی کے کرداروں کے مطابق کسی بھی بچے کو چوہا اور کسی کو حجام بنائیں۔
- کلاس کو مزید دلچسپ بنانے کے لئے کہانی کے سب سے اہم کردار چوہے کی شکل کا ماسک یا صرف اس کے کان ہی گتے کی مدد سے کاٹ کر اس بچے کو لگادیں جسے چوہے کا کردار کرنا ہے۔ اس طرح کے کام سے بچے بہت لطف اندوز ہوتے ہیں۔

کلاس میں جانے کے بعد کیونکہ آپ کی تیاری مکمل ہے۔ اس لئے کسی بھی قسم کے وقت ضائع ہونے کا خدشہ نہیں ہے۔ اب کہانی کو skit کی شکل میں کروائیں تاکہ باری باری سب بچوں کو مکالمے ادا کرنے کا موقع ملے۔ اس موقع پر الفاظ کا اتار چڑھاؤ سکھانا بہت ضروری ہے کیونکہ یہی کہانی کا اصل مقصد ہے۔ اگر ممکن ہو تو بچوں کی اس کاوش کو اسکول کے دوسرے بچوں کے سامنے بھی پیش کریں تاکہ مزید حوصلہ افزائی ہو سکے۔

## سیشن 4

- درج ذیل الفاظ کی توڑ جوڑ کریں۔

| الفاظ | توڑ | جوڑ |
|---|---|---|
| استرا | | |
| حجام | | |

| | | |
|---|---|---|
| گھاس | | |
| خوشامد | | |
| کمبل | | |
| پتھر | | |
| کانٹا | | |
| پھیکی | | |
| پریشان | | |
| غائب | | |

## سیشن 5

- آج بچوں سے فرداً فرداً کہانی پڑھوا کر سنی جائے اور اچھی طرح الفاظ کی ادائیگی کرنیو الے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔اس کے بعد خالی جگہ پر کرنے کا کام کروائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | چوہے کی ____________ کٹ گئی۔ | (دم ۔ ناک۔ کان) |
| 2 | بڑھیا نے چوہے کو ______________ دی۔ | (گھاس۔ استرا۔ کتاب) |
| 3 | چوہا ______________ تھا۔ | (چالاک۔ خوشامدی۔ بے وقوف) |
| 4 | نانی کا کمبل ______________ کے پاس تھا۔ | (چوہے۔ چاچا۔ حجام) |
| 5 | چوہے نے باراتیوں کو زبردستی ______________ دیدیا۔ | (گڑ۔ کمبل۔ چاول) |
| 6 | ایک جگہ ______________ ہو رہی تھی۔ | (شادی۔ لڑائی۔ سالگرہ) |
| 7 | چوہے کی دم میں ______________ چبھا۔ | (کانٹا۔ سوئی۔ ناخن) |
| 8 | چوہا آخر میں ______________ لے کر چلا گیا۔ | (دولہا۔ باراتی۔ دلہن) |
| 9 | کہانی آڑی باڑی ______________ تھی۔ | (دلچسپ۔ مزاحیہ۔ بے کار) |

## گھر کا کام

- کہانی کا آخری صفحہ اچھی طرح پڑھیں اور یاد کرنے کی کوشش کریں۔

## سیشن 6

- اس ٹیچرز گائیڈ کے ساتھ ایک دلچسپ نظم دی جا رہی ہے۔ اس نظم کا انتخاب کرتے ہوئے بھی اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ اس نظم میں بھی واقعہ تسلسل اور ترتیب سے بیان کیا گیا ہے اور ساتھ ہی ساتھ کہانی کے اہم کردار

چوہے کی مناسبت سے ہی یہ نظم بھی ہے اور اس نظم کو نہ صرف یاد رکھنا آسان ہے بلکہ اس نظم کو پڑھانے سے بھی بچوں کی vocabulary میں اضافہ ہوگا۔

## پانچ چوہے

صوفی غلام مصطفیٰ تبسم

پانچ چوہے گھر سے نکلے کرنے چلے شکار
ایک چوہا رہ گیا پیچھے باقی رہ گئے چار
چار چوہے جوش میں آ کر لگے بجانے بین
ایک چوہے کو آگئی کھانسی باقی رہ گئے تین
تین چوہے ڈر کے بولے گھر کو بھاگ چلو
ایک چوہے نے بات نہ مانی باقی رہ گئے دو
دو چوہے پھر مل کر بیٹھے دونوں ہی تھے نیک
ایک چوہے کو کھا گئی بلی باقی رہ گیا ایک
ایک چوہا جو رہ گیا باقی کرلی اس نے شادی
بیوی اس کو ملی لڑاکا یوں ہوئی بربادی

# چوہا پھرے آڑی باڑی

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
دوسرا ایڈیشن : اپریل 2007
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk